ہے کہ مسلمانانِ عالم کا تین چوتھائی حصہ آپ کے مذہب پر کاربند ہے اور روز افزوں آپ کے متبعین میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ اگرچہ مخالفین ایڑی چوٹی کا زور لگار ہے ہیں کہ مسلمان آپ کے مذہب سے برگشتہ ہوں۔ لیکن ان کی یہ تمام کاوشیں بے سود ثابت ہوئیں۔

حضرت الامام الاعظمؒ کے مناقب اجتہادی شان اور عبقریت پر لاکھوں صفحات پر مشتمل ہزاروں کتابیں لکھی گئی ہیں اور تاقیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ زیرتبصرہ مختصر کتاب بھی اسی سلسلۃ الذھب کی جدید کڑی ہے۔ جس میں مؤلف موصوف نے حاسدین امام اعظمؒ کے بعض مطاعن کا جواب دیا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ امام صاحبؒ کے حالات ان کی محدثانہ حیثیت اور اساتذہ وشیوخ کا بھی تذکرہ کیا ہے جس سے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ کتاب تمام مسلمانوں کے لئے نافع بنادے اور مؤلف کے لئے بہترین زادِ آخرت ثابت ہو۔

کتاب : عوام کا بے تاج بادشاہ مرتب: مولانا عبدالخالق فاضل دارالعلوم کبیر والا' خانیوال

ضخامت: ۱۰۶ صفحات قیمت: ۷۰ روپے

ناشر: شعبہ تصنیف وتالیف۔ جامعہ کاشف العلوم فقیر والی' ضلع بہاولنگر

زیرتبصرہ کتاب مفکر اسلام قائد اسلامی انقلاب حضرت مولانا مفتی محمودؒ کی مختصر سوانح و حالات اوصاف و کمالات اور ملی و دینی کارناموں پر مشتمل ہے۔ فاضل مرتب نے انتہائی محنت اور عرقریزی سے یہ مجموعہ ترتیب دیا ہے۔ اور حضرت مفتی صاحبؒ کے متعلق کتابیات میں ایک بہترین اور خوبصورت اضافہ کیا ہے۔ کتاب میں اہم عنوانات چودہ ہیں۔ اور پھر ان کے ضمن میں دیگر بغلی سرخیاں ہیں۔ کتاب کی دلچسپی کا یہ عالم ہے کہ ایک ہی نشست سے ختم کرنے کو جی چاہتا ہے۔ ابتدائیہ میں پیش گفتار کے زیرعنوان اقتباس میں تحریر فرماتے ہیں ''اس کتاب میں جن نفوس قدسیہ کا تذکرہ مختلف پہلوؤں سے کیا گیا ہے وہ چودھویں صدی کی عہد ساز شخصیت مفتی محمودؒ ہیں ان کی جدوجہد علم وتقویٰ' سیاسی بصیرت اور تدریس وافتاء کے واقعات کا مطالعہ علمی ترقی میں ہمارا معاون بن سکتا ہے۔ ان کی تابناک زندگی ہماری راکھ کے انبار سے بجلیاں پیدا کرسکتی ہیں ان اعلام ہی کی تاریخ ہمارے سوئے ہوئے جذبوں کو جگا سکتی ہیں اور اس سے سینہ ویران میں جان رفتہ آسکتی ہے کیونکہ انسان کی فطرت ہے کہ وہ بلندیوں کو دیکھ کر بلند ہو جاتا ہے اور پستیوں میں رہ کر اس کی خداداد صلاحیتوں کی وسعتیں سمٹنے لگتی ہیں۔ اولوالعزم اور باہمت رجال کی داستانوں کے مطالعہ کی ترغیب اسی لئے دی جاتی ہے کہ وہ انسان کے اندر عزم وہمت اور حوصلہ وجرأت کا بیج بوتی اور خاکستر میں دبی ہوئی چنگاریوں کو فروزاں کرتی ہے۔'' اس کتاب کے مطالعہ سے حضرت مفتی صاحب نوراللہ مرقدہ کی شخصیت کا مختصر انداز میں احاطہ کیا ہے۔ محبت وعقیدت اور اخلاصِ ومحنت کی کوثر وتسنیم سے دھلی ہوئی مؤلف کی یہ کاوش قارئین کے دلوں میں عمل کا نیا جذبہ اور ولولہ تازہ پیدا کرے گی۔